# ایس۔ ایس آئل ملز لمیٹڈ

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا سالانہ اجلاس عام بروز ہفتہ 31 اکتوبر 2015 کو 11 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بمقام **2**۔ٹیپو بلاک نیو گارڈن ٹاؤن لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

**1**۔ پچھلے سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی تصدیق۔ **2**۔ کمپنی کے 30 جون 2015 کو مختتمہ سال کیلئے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس معہ ڈائریکٹران اور آڈیٹروں کی رپورٹس کی وصولی غوروخوص اور منظوری۔ **3**۔ 30 جون 2016 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹران کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹران میسرز اسلم ملک اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس جو کہ ریٹائر ہو رہے ہیں دوبارہ انتخاب کیلئے اپنے آپ کو پیش کرتے ہیں۔

**4**۔ کمپنی آرڈیننس 1984 کی شق نمبر 178 کے تحت ڈائریکٹران کا انتخاب ڈائریکٹرز نے منتخب شدہ ڈائریکٹران کی تعداد 7 رکھی ہے۔ مندرجہ ذیل ڈائریکٹرز ریٹائر ہو رہے ہیں۔

1۔ جناب شہزاد علی خان 2۔ جناب شہریار علی خان 3۔ جناب احسن الدین 4۔ چوہدری محمد ھمایوں

5۔ جناب صفدر اقبال خان 6۔ نوابزادی بیگم شمیم شفقت 7۔ نوابزادہ وجاہت علی خان

ریٹائرڈ ہونے والے ڈائریکٹرز اپنے آپ کو دوبارہ انتخاب کیلئے پیش کرتے ہیں۔

**5**۔ جناب چیئر پرسن کی اجازت سے دوسرے کاروباری معاملات زیر غور لانا۔

بحکم بورڈ خواجہ ندیم عباس کمپنی سیکرٹری لاہور **09 اکتوبر 2015**

**نوٹس :**

1۔ کمپنی کے حصص منتقلی کی کتابیں 28 اکتوبر 2015 تا 3 نومبر 2015 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

2۔ ممبر جو اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھتا ہو کسی دیگر ممبر کو اپنی جگہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ پراکسیاں موثر کرنے کیلئے کمپنی کے اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازماً موصول ہونی چاہیں۔

3۔ ایسے ممبران جن کے حصص سی ڈی سی کے پاس جمع ہیں سے گذارش ہے کہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ، سی ڈی سی کا اکاؤنٹ نمبر اور پارٹیسپنٹ آئی ڈی ہمراہ لائیں۔ اگر کوئی پراکسی مقرر کی ہے تو پراکسی فارم کیساتھ پراکسی کی شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی، سی ڈی سی کا اکاؤنٹ نمبر اور پارٹیسپنٹ آئی ڈی ساتھ منسلک کریں۔

4۔ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی پراکسی کیساتھ منسلک ہونی چاہیئے۔

5۔ ڈائریکٹر کے انتخاب کیلئے نامزدگی کی اطلاع کم از کم 14 دن پہلے دفتری اوقات میں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں پہنچنی چاہیئے۔

6۔ پراکسی کو چاہیئے کہ اجلاس میں حاضری کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرے۔

7۔ کمپنی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ دستخطوں کے نمونے کیساتھ پیش کرنا لازمی ہے۔

8۔ حصص داران سے درخواست ہے کہ پتہ کی تبدیلی اگر کوئی ہے تو فوراً مطلع کریں۔